CHAMPIONS CUP
12 SEP - 29 SEP
IQBAL STADIUM, FAISALABAD

MEDIA RELEASE

ONE NATION ONE PASSION

# چیمپیئنز ون ڈے کپ کا مقصد ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کا فرق کم کرنا ہے، ندیم خان۔ٹورنامنٹ ڈائریکٹر چیمپیئنز ون ڈے کپ

- چیمپیئنز ٹرافی کے تناظر میں اس ٹورنامنٹ کی بڑی اہمیت ہے، ندیم خان

**لاہور، 7 ستمبر 2024ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس / ٹورنامنٹ ڈائریکٹر چیمپیئنز ون ڈے کپ، سابق ٹیسٹ کرکٹر ندیم خان کا کہنا ہے کہ چیمپیئنز ون ڈے کپ میں بہترین کرکٹرز حصہ لے رہے ہیں اور اس ٹورنامنٹ کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ انٹرنیشنل کرکٹ اور ڈومیسٹک کرکٹ کے درمیان جو فرق ہے اسے کم کرنے میں یہ ٹورنامنٹ اپنا کردار ادا کرے۔

یاد رہے کہ چیمپیئنز ون ڈے کپ 12 ستمبر سے فیصل آباد میں شروع ہو رہا ہے جس میں پانچ ٹیمیں حصہ لیں گی۔

ندیم خان نے کہا کہ اس ٹورنامنٹ میں شریک ٹیموں کو ملک میں موجود پانچ اکیڈمیز سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ ان پانچوں ٹیموں کو بہترین کوچنگ اسٹاف مہیا کیا گیا ہے۔

پی سی بی نے ان ٹیموں کے لئے ہائی پروفائل مینٹورز بھی رکھے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ آئندہ سال پاکستان کی میزبانی میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کے پیش نظر اس چیمپئنز کپ کی اہمیت بہت زیادہ ہے کیونکہ اس ٹورنامنٹ سے ہمیں چیمپئنز ٹرافی کے لئے اچھے کھلاڑی مل سکیں گے۔

ندیم خان نے کہا کہ وائٹ بال ہیڈ کوچ گیری کرسٹن بھی چیمپئنز کپ کے دوران موجود ہونگے کیونکہ انہوں نے اس سے قبل پاکستان میں کام نہیں کیا ہے لہذا انہیں خود اپنی نظروں کے سامنے کھلاڑیوں کو کھیلتا دیکھنے کا موقع ملے گا اور انہیں بینچ اسٹرینتھ اور مستقبل کے کھلاڑیوں کے بارے میں پتہ چل سکے گا۔

ندیم خان کا کہنا ہے کہ اس ٹورنامنٹ اور چیمپئنز ٹرافی کے درمیان جو ون ڈے انٹرنیشنل ہیں ان میں بھی ان کھلاڑیوں کو ایکسپوژر مل سکے گا۔

انہوں نے کہا کہ چیمپئنز کپ میں ایسے کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے کہ وہ طویل عرصہ پاکستان کرکٹ کی خدمت کر سکیں۔ ان میں سینئر اور نوجوان کرکٹرز بھی شامل ہیں

ندیم خان نے کہا کہ پہلے مرحلے میں ہماری توجہ پاکستان مینز ٹیم ہے جس کے بعد ویمنز اور انڈر 19 ٹیم کو بھی ایک اکیڈمی سے منسلک کر دیا جائے گا۔ ہمارا مقصد یہ ہے ہمارے کھلاڑیوں کو ان پانچ بہترین اکیڈمیز میں ٹریننگ کی سہولتیں مل سکیں۔

انہوں نے کہا کہ ہمارا کرکٹ کا ڈھانچہ کلب کرکٹ سے شروع ہوتا ہے اور پھر وہ ڈسٹرکٹ اور ریجن سے ہوتا ہوا اوپر تک آتا ہے جس میں پاکستان شاہینز شامل ہے۔ مقصد یہی ہے کہ ٹیلنٹ ضائع نہ ہو۔

انہوں نے کہا کہ فیصل آباد میں جب بھی کرکٹ ہوتی ہے بہت زیادہ کراؤڈ آتا ہے۔ اقبال اسٹیڈیم کی حالت بھی بہت بہتر کی گئی ہے ۔

-END-

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial